# دوسروں پر عیب نہ لگاؤ، نُکتہ چینی نہ کرو

”اے بھائیو! ایک دوسرے پر نہ کُڑکُڑاؤ۔“ (یعقوب 5:9)



ایک دن یسوع نے یہ تمثیل سُنائی کہ ایک آدمی نے اپنے کھیت میں اچھا بیج بویا۔



لیکن رات کو کسی دُشمن نے آکر خراب بیج اُس کے کھیت میں ڈال دیا جو گندم کے ساتھ ساتھ اُگنا شروع ہوگیا۔



نوکروں نے مالک سے سوال کیا کہ اب خراب پودوں کو گندم سے کیسے علیحدہ کریں تو اُس نے جواب دیا: ”تُم فکر نہ کرو۔ ان دونوں کو اکٹھے اُگنے دو اور جب فصل جمع کرنے کا وقت آئے گا تو میں خُود اس کا انتظام کروں گا۔“

ہم جانتے ہیں کہ ہم سب کے اندر بُرائی کا بیج بھی ہے اور اچھی فصل کا بیج بھی ہے، اس لئے ہم دوسرے لوگوں پر الزام نہیں لگا سکتے۔ (متی 13:24۔25)



میری سہیلیوں میں سے ایک ہے جو مُجھ پر حُکم چلاتی تھی۔



میں نے غُصہ نہ کیا بلکہ اُس کی مدد کی۔



اور میں نے اُس پر نُکتہ چینی نہ کی۔ اس طرح ہمارے درمیان امن اور سکون رہا۔ (فرانس سے میری)